SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

January 4, 2023

## چیئرمین ایس ای سی پی کا مارکیٹ کے شراکت داروں سے مسلسل رابطہ پر زور

اسلام آباد (جنوری 4) چیئرمین سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان عاکف سعید نے کیپیٹل مارکیٹ کے تمام شراکت داروں کے ساتھ مسلسل رابطہ اور مشاورت پر زور دیا ہے۔ چیئرمین ایس ای سی پی اپنی ٹیم کے ساتھ پاکستان اسٹاک ایکسچینج، نیشنل کلئرنگ کمپنی آف پاکستان کا دورہ کیا اور مارکیٹ کی ترقی اور فروغ کے لئے اصلاحات پر مشاورت کی۔

چیئرمین ایس ای سی پی کے ساتھ کمشنر سکیورٹیز مارکیٹ عبدالرحمان وڑائچ، ایگزیکٹو ڈائریکٹر مسرت جبین اور سکیورٹیز مارکیٹ پالیسی کے سربراہ آصف اقبال شامل تھے۔ عاکف سعید اور ان کی ٹیم نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے چیف ایگزیکٹو فرخ خان، سٹاک مارکیٹ بورڈ کے اراکین اور سٹاک مارکیٹ بروکرز کے نمائندوں سے بھی ملاقات کی۔

چیئرمین ایس ای سی پی نے سٹاک مارکیٹ کے عہدیداران اور بروکرز کے نمائندوں سے مارکیٹ کی کارکردگی بڑھانے، نئی لسٹنگ کو فروغ دینے اور ٹکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سرمایہ کاروں کے اکاوئنٹ کھولنے کو آسان بنانے کے لئے تجاویز پر مشورت کی۔ اس کے علاوہ ٹیکس سے متعلقہ اصلاحات، پنشن اسکیموں اور نئی مالیاتی مصنوعات، ایکس چینج ٹریڈیڈ فنڈز، فکس انکم پراڈکٹ پر غور کیا گیا۔ اجلاس کے دوران سی پیک کے منصوبوں کو اسٹاک ایکس چینج پر لسٹ کرنے کے امکان کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بعدازاں، نیشنل کلئرینگ کمپنی میں ہونے والے اجلاس میں کلئرنگ کمپنی کے رسک مینجمنٹ کے اقدامات اور اصلاحات، نئی شریعہ کمپلائنٹ پراڈکٹ اور گورنمنٹ ڈیبٹ سکیورٹیز کو فروغ دینے کا جائزہ لیا گیا۔ چیئرمین ایس ای سی پی نے سرمایہ کاروں کی آگہی اور تحفظ کے لئے اقدامات کرنے پر زور دیا۔

علاوہ ازیں، سٹاک مارکیٹ بروکر ایسوسی ایئیشن کے وفد سے بھی ملاقات کی گئی اور بروکر انڈسٹری کے تحفظات کا جائزہ لیا گیا اور ان کی آسانی اور کاروبار کو بہتر ماحول فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005